BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

سیشن 2013-15, 2014-16

OBJECTIVE KEY FOR SSC 10th/9th Annual Examination, 2016.

Name of Subject: اردو لازمی نیو کورس

Group: 1st

| Q. Nos. | Paper Code 9021 | Paper Code 9023 | Paper Code 9025 | Paper Code 9027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | C | D | B |
| 2. | A | A | D | A |
| 3. | D | C | B | C |
| 4. | B | B | B | C |
| 5. | C | B | A | A |
| 6. | A | D | C | D |
| 7. | C | D | C | B |
| 8. | B | B | A | C |
| 9. | B | B | D | A |
| 10. | D | A | B | C |
| 11. | D | C | C | B |
| 12. | B | C | A | B |
| 13. | B | A | C | D |
| 14. | A | D | B | D |
| 15. | C | B | B | B |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

Session: اردو لازمی نیو کورس

Group: 2nd

| Q. Nos. | Paper Code 9022 | Paper Code 9024 | Paper Code 9026 | Paper Code 9028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | D | C | B |
| 2. | Z | B | C | C |
| 3. | B | A | D | C |
| 4. | D | C | D | D |
| 5. | C | C | Z | D |
| 6. | B | Z | D | Z |
| 7. | C | B | B | D |
| 8. | C | D | A | B |
| 9. | D | C | C | A |
| 10. | D | B | C | C |
| 11. | Z | C | Z | C |
| 12. | D | C | B | Z |
| 13. | B | D | D | B |
| 14. | A | D | C | D |
| 15. | C | Z | B | C |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

نوٹ: "Z" سے مراد تمام آپشنز A·B·C·D کو درست کیا جائے۔

eduvision.edu.pk

PER CODE
UMBER: 9021

رول نمبر ___________

2016 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) شامل نصاب " نعت " شاعر _____ کا ہدیہ عقیدت ہے۔
(A) حفیظ جالندھری (B) حفیظ تائب (C) احسان دانش (D) ماہر القادری

(2) مرزا صاحب نے _____ سال علی گڑھ میں تدریس کے فرائض انجام دیے۔
(A) دو (B) چار (C) چھ (D) آٹھ

(3) سبق " پرستان کی شہزادی " میں پرستان میں موجود درختوں کی شاخیں تھیں۔
(A) لکڑی کی (B) پیتل کی (C) چاندی کی (D) سونے کی

(4) " تہنیت عید الفطر " نظم ہے۔
(A) اقبال کی (B) حالی کی (C) حفیظ جالندھری کی (D) طالب الہ آبادی کی

(5) مصنف سجاد حیدر یلدرم نے _____ کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے۔
(A) روٹی کی محتاجی (B) غریب الوطنی (C) دوست نہ ہونا (D) بھیک مانگنا

(6) سبق " مقطع " اصناف ادب کے لحاظ سے ہے۔
(A) افسانہ (B) داستان (C) مضمون (D) ناول

(7) بحوالہ سبق " علی بخش " مصنف کام کے سلسلے میں گیا تھا۔
(A) جھنگ (B) شیخوپورہ (C) لاہور (D) لائل پور

(8) مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ _____ سال بعد اٹھایا۔
(A) پانچ (B) سات (C) آٹھ (D) نو

(9) نظم " کسان " جوش ملیح آبادی کے مجموعہ کلام _____ سے لی گئی ہے۔
(A) حرف و حکایت (B) شعلہ و شبنم (C) جذبات فطرت (D) سنبل و سلاسل

(10) حسرت موہانی کی شامل نصاب غزل میں _____ راحت فزا ہو گئی ہے۔
(A) رنج (B) ناکامی (C) حسرت (D) مصیبت

(11) " حالی " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) خطاب (B) لقب (C) کنیت (D) تخلص

(12) " شفاخانہ " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم آلہ (B) ظرف مکاں (C) ظرف زماں (D) اسم صوت

(13) " چنان " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم مصدر (B) اسم جامد (C) اسم معرفہ (D) اسم صو

(14) " مدرسہ " کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدْرَسَہ (B) مِدَرْسَہ (C) مُدرِسَہ (D) مِدَرَّسَہ

(15) " نفاست " کا درست تلفظ ہے۔
(A) نُفَاسِت (B) نِفَاسَت (C) نَفَاسَت (D) نَفْاسِت

eduvision.edu.pk

ER CODE
UMBER: 9026

2016 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) مرزا غالب کو تفتہ کا خط ______ سے آتا تھا۔
(A) علی گڑھ (B) دلی (C) سکندر آباد (D) آگرہ

(2) نظم " اونٹ کی شادی " کے شاعر ہیں۔
(A) اوا جعفری (B) جمیل الدین عالی (C) دلاور فگار (D) علامہ محمد اقبال

(3) مرزا محمود سرحدی پیدا ہوئے۔
(A) ملتان میں (B) بلتستان میں (C) قازقستان میں (D) مردان میں

(4) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔
(A) ردیف (B) قافیہ (C) مطلع (D) مقطع

(5) گرامر کی رو سے " پیٹ کا ہلکا ہونا " سے مراد ہے۔
(A) مجاز مرسل (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) کنایہ

(6) " میاؤں میاؤں " قواعد کی رو سے ہے۔
(A) اسم فاعل (B) اسم آلہ (C) اسم ضمیر (D) اسم صوت

(7) اسم علم کی اقسام ہیں۔
(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

(8) درست اعراب والا لفظ ہے۔
(A) مَذاہِبْ (B) مِذاہَب (C) مُذاہِبَ (D) مَذاہَب

(9) درست تلفظ بمطابق اعراب ہے۔
(A) آسلاَمْ (B) اُسلاَمْ (C) اِسلاَمْ (D) آسِلاَمْ

(10) شاہد احمد دہلوی، ڈپٹی نذیر احمد کے ____ تھے۔
(A) بیٹے (B) نواسے (C) پوتے (D) بھانجے

(11) مدرسہ دیوبند کی بنیاد رکھی۔
(A) مولانا محمد علی نے (B) مولانا محمد قاسم نے (C) مولانا محمد احمد نے (D) مولانا شوکت علی نے

(12) سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔
(A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

(13) سجاد حیدر یلدرم کا سال پیدائش ہے۔
(A) 1877ء (B) 1878ء (C) 1879ء (D) 1880ء

(14) آفت کا مارا فقیر ____ کے چاندنی چوک میں کھڑا تھا۔
(A) لاہور (B) ڈھاکہ (C) دلی (D) کابل

(15) علی بخش کو ایک مربع زمین ملی۔
(A) جھنگ میں (B) لائل پور میں (C) اوکاڑہ میں (D) شیخوپورہ میں

eduvision.edu.pk

رول نمبر ____________

2016 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر
بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(ii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی
ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو
جس کے دل کی آگ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

(iv) کیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے
کہ سہرا باندھ کے اک اونٹ بلبلایا ہے

"حصہ غزل"

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گنہ گار ہوں، خطا ہو گئی ہے

(vi) سلسلہ، فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ عقائد اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) باغوں میں رہتے رہتے اُسے جڑی بوٹیوں کی بھی شناخت ہو گئی تھی۔ خاص کر بچوں کے علاج میں اُسے بڑی مہارت تھی۔ دور دور سے لوگ اس کے پاس بچوں کے علاج کے لیے آتے تھے وہ اپنے باغ ہی میں سے جڑی بوٹیاں لا کر بڑی شفقت اور غور سے ان کا علاج کرتا۔ کبھی کبھی دوسرے گاؤں والے بھی اُسے علاج کے لیے بلا لے جاتے۔ بلا تامل چلا جاتا، مفت علاج کرتا اور کبھی کسی سے کچھ نہیں لیتا تھا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟
(ii) نظریۂ پاکستان کا مقصد کیا ہے؟
(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
(iv) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(v) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا؟
(vi) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟
(vii) فاطمہ کو "راکھ میں دبی ہوئی چنگاری" کیوں کہا گیا؟
(viii) حسرت موہانی کے مطابق کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی
(ب) اُردو ادب میں عید الفطر

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) یوم آزادی
(ii) چاندنی رات
(iii) وقت کی پابندی

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعۃً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:۔ (۱) "سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے" اس میں کس کے سکون کا وقت مراد ہے؟
(۲) سمندر پر لہروں کا لاتعداد سلسلہ کیسے بنتا ہے؟
(۳) قوس قزح کے رنگ پانی پر کس وجہ سے چمک جاتے ہیں؟
(۴) افق کے قریب سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
(۵) "شاہ خاور کے خیر مقدم" سے کیا مراد ہے اور شاہ خاور کا کیا مطلب ہے؟

eduvision.edu.pk

رول نمبر ________

2016 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ - دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے کوئی سے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

(ii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو — جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

(iii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iv) آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر — گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

"حصہ غزل"

(v) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی ہے

(vi) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

eduvision.edu.pk

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کشا کے، عقل نے ایسا کام کیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ واہ ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے پھول کی طرح کھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے، کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دھن باندھ لے وہ ہو ہی جاتا ہے۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ نا ملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) علامہ اقبال نے مسلمانوں کے لئے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

(iii) بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

(iv) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(v) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

(vi) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ چند تحریر کریں۔

(vii) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(viii) شاعر حسرت موہانی کے ہاں مصیبت کے راحت فزا ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) نام دیو مالی (ب) استنبول

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) علامہ محمد اقبال (ii) برسات کا موسم (iii) گداگری

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

غالب نے القاب و آداب، مزاج پرسی و خیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سرِمو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے، مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً "میاں"۔ "برخوردار"۔ "بندہ پرور"۔ "مہاراج"۔ "پیر و مرشد"۔ "بھائی صاحب"۔ اس سے زیادہ لکھا تو "میری جان کے چین میاں سرفراز حسین"۔ "میرے مہربان، میری جان، مرزا تفتہ سخن دان"۔ کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع: "صاحب تم کیا چاہتے ہو؟" ..... یا ..... "مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے" اسی طرح دعا، سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

سوالات:۔
(۱) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے / اجزا کیا ہیں؟
(۲) غالب کے خطوط کی زبان کیسی ہے؟
(۳) غالب کی مکتوب نگاری کی چند خصوصیات کیا ہیں؟
(۴) قدیم دستورِ مکتوب نگاری کیا تھا؟
(۵) خط کیوں لکھا جاتا ہے؟